**Q No. 9:** **Translate the following passage into English.** **(10 Marks)**

اسلام میں تعلیم کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ اسلام دنیا کا وہ واحد مذہب ہے جو سراپا علم وعرفان ہے۔ اسلامی نقطہ نظر سے ہر فرد کی دینی اور دنیاوی زندگی کے جدا جدا پہلوؤں سے صحیح تشکیل و تعمیر نہیں ہو سکتی۔ جس طرح سیاست کو دین سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح تعلیم بھی دین کے ساتھ وابستہ ہے۔ تخلیق آدم کے وقت اللہ تعالیٰ نے انسان کو جس دولت سے نوازا تھا۔ وہ "علم الاشیاء" تھا۔ جس کی بناء پر حضرت آدم علیہ السلام کو تمام فرشتوں پر فوقیت ملی اور انسان اشرف المخلوقات بنا۔ حضور اکرم ﷺ پر جو پہلی وحی نازل ہوئی اس میں علم اور ذرائع علم کی اہمیت کے بارے میں واضح اشارات ملتے ہیں۔ ارشادِ ربانی ہے۔ "پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، خون سے انسان کو۔ پڑھ تیرا رب کریم ہے۔ جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی"۔

Scanned with CamScanner

Education has special importance in Islam. It is because Islam is the only religion in the world which is the source of knowledge and wisdom. In Islamic prespective, religious and worldy life cannot exist seporately with harmony. Education is related to religion just like religion cannot be seperated from politics. Allah Almighty blessed Adam (A.S) during his creation with the knowledge of things which gave him superiority over all the angels and human became superior of all creations. The first revelation on Prophet S.A.W contains allusions of importance of knowledge and sources of knowledge. Allah Almighty says, " Read in the name of your Lord who created human with blood. Read your Lord is most merciful who gave knowledge through pen".

Scanned with CamScanner